9144- نس بندی (منصوبہ بندی) کے ذریعہ منع حمل کا حکم

سوال

میں عنقریب چوتھے بچے کی ماں بننے والی ہوں اور یہ ولادت میری خرابی صحت کی بنا پر آپریشن سے ہوگی، اس سے قبل بھی تینوں بچے بڑے آپریشن سے ہوئے ہیں، اب میری صحت کو خطرہ ہے اور ڈاکٹروں نے بھی یہی مشورہ دیا ہے کہ اب آپ نس بندی کا اپریشن کروادیں اور آئندہ بچے پیدا نہ کریں، اگر شرعی طور پر ایسا کرنا جائز ہو تو میرے خاوند کو بھی اس پر کوئی اعتراض نہیں اور نہ ہی مجھے، توکیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

مجھے آپ کی نصیحت درکار ہے۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

فضیلۃ الشیخ علامہ عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالی سے تقریبا اس سے ملتا جلتا سوال کیا گیا تو ان کا جواب تھا :

اس آپریشن میں کوئی حرج نہیں، جب ڈاکٹر یہ فیصلہ کریں کہ اب اس کا مزید اولاد پیدا کرنا صحت کے لیے نقصان دہ ہے، اور خاوند اس کی اجازت دے تو اس میں کوئی حرج والی بات نہیں۔